CAP/Press Release/2020/1
April 27, 2020

خبر

چین سٹور ایسوسی ایشن پاکستان کے ریٹیلرز کی واحد نمائندہ تنظیم ہے جو کہ پاکستان کے منظم ریٹیل کی بہتری کیلئے سرکرداں ہے.
اس وقت اس تنظیم میں فیشن، شوز، فوڈز، سپر سٹورز اور دوسرے آرگنائزر رئٹیل سلکیٹرز کے 200 سے زائد نامور برانڈز شامل ہیں.اسیوسی ایشن چیرمین رانا طارق محبوب نے
میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ کرونا وائرس کی وجہ سے لاک ڈوان اور اس سے پیدا ہونے والی صورتحال نے رییٹل چین اسٹورز کے کاروبار برباد کر دئیے ہیں. اس موقع ایسوسی ایشن کی نائب صدر ؤاصف سکندر بٹ ممبران ایگزیکٹو کمیٹی اسد شفیع، ایس ایم نبیل، ولید زمان، مردان علی زیدی، وہاج طارق اور دیگر بھی موجود تھے.
انھوں نے بتایا کہ چین سٹورزایسوسی ایشن سے منسلک ممبران اس وقت اپنی انڈسٹری اور دوکانوں سے ملک کے تقریباً 10 لاکھ خاندانوں کو روزگار مہیا کر رہے ہیں.
کرونا وائرس کی صورت حال اور حکومت کی عدم توجہ کی سے ملک معشیت کا ایک ستون اور لاکھوں خاندان تیزی سے تباہی کی طرف گامزن ہیں. اگر حکومت نے فوری طور پر توجہ نہ دی تو بہت بڑا معاشی اور سماجی المیہ ہو سکتا ہے.
موجودہ صورتحال میں اگر ریٹیل کو 10 مئی سے کھول بھی دیا گیا تو لاک ڈوان کی مدت 50 دن ہوگی اس وقت تک ریٹیل سیکٹر کو تقریباً 900 ارب روپے کا نقصان ہوچکا ہوگا اور اس کے علاوہ تقریباً 1500ارب روپے کا سامان گوداموں پڑا ہےاور تقریباً 500 ارب روپے کا سامان پروڈکشن میں پڑا ہے. لاک ڈاون کی وجہ سے ریٹیل سیکٹر اب تک بہت بھاری نقصان اٹھا چکا ہے.

حکومتی دعووں کے مطابق اگر 10 مئی کو کاروبار کھل بھی جاتے ہیں تو ابتدائی طور پر محدود وقت اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی وجہ سے کاروبار معمول کے مطابق نہیں ہوسکےگا. مکمل لاک ڈاؤن نے سرمایہ کی شدید قلت پیدا کر دی ہے. اور حکومت نے ریٹیل سیکٹر یا مقامی کاروباری اداروں کےلیے کسی بھی قسم کا کوئی اقدام نہیں کیا. ہم پاکستان کے آرگنائزڈ ریٹیل سیکٹر کی نمائندگی کرتے ہوئے اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ. اول تو حکومت درمیانے اور نچلے طبقے کے کاروبار کےلیے کوئی پروگرام ہی نہیں رکھتی. دوئم اگر دیکھا جائے تو ہمارے نقصان کا ازالہ بھی ممکن نہیں لہذا ہم درج ذیل اقدامات کا اعلان کرتے ہیں
.
جن مالز کی انتظامیہ، آرمی ویلفیئر ٹرسٹ تحت چلنے والے مالز اور انفرادی مالکان جنھوں نے ہمیں لاک ڈاون کے عرصے کے دوران کرایہ میں چھوٹ دی ہم ان کے تحط دل سے شکر گزار ہونے کے ساتھ ساتھ ایسی جگہوں پر لاک ڈاون کے اختتام پر کاروباری سرگرمیاں بھرپور طریقے سے جاری رکھیں گے-
.
ان کے علاوہ دیگر جگہوں پر جہاں مناسب رویہ اختیار نہ کیا گیا وہاں پر کاروبار کو خیر باد کہہ دیں گے. اس سلسلے میں یکم مئی 2020 سے ہمارے ممبران ان جگہوں کے حوالے سے فیصلہ کرکے مالکان کو آگاہ کردئیں گے تاکہ کوئی قانونی مسئلہ پیدا نہ ہو.
مزکورہ بالا صورتحال سے دوکانوں، دفاتر اور دیگر کاروباری عمارتوں کے خالی ہونے اور کاروبار مختصر ہونے پر یقینا بہت سی ملازمتیں بھی ختم ہو جائیں گی. اور ہمارے پاس اور کوئی آپشن نہیں ہوگا کہ ان ملازمین کو قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد ملازمتوں سے برخاست کر دیا جائے گا، جو کاروبار بند ہونے جا رہے ہیں ان کےلیے مزید بوجھ برداشت کرنا ناممکن ہے.
مجوزہ بندش کے بعد بہت سے سامان کی فروخت ناممکن ہے اور اس کا کوئی خریدار بھی نہیں ہوگا اس لیے نئی صورتحال کا تقاضا ہے کہ خریداری بند کر آرڈرز کینسل کردیئے جائیں، اسی طرح برآمد کنندگان کی آرڈرز کی منسوخی کے بعد مقامی صنعت کے آرڈرز کی بھی تنسیخ ہو جائے گی. اس وقت ہمارے گودام اور دوکانیں غیر فروخت شدہ مال بھرے پڑے ہیں اور اس وجہ سرمایہ منجمند ہوچکا ہے اور نئی خریداری، دوکانوں کے کرایہ اور تنخواہوں کی ادائیگی کےلیے سرمایہ موجود نہیں.
اس سال پوری دنیا کے مندی کا شکار ہوجانے کا خدشہ ہے اس سے قوتِ خرید بھی متاثر ہو گی. اس صورتحال کے پیش نظر ہم حکومت پاکستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ملک میں معاشی سرگرمیوں کی بحالی کےلیے فوری طور ضروری اقدامات کرتے ہوئے.
سیلز ٹیکس کی شرح سنگل ڈیجٹ 5 ٪فیصد کرنے کے ساتھ ساتھ شرح سود میں مزید کمی کی جائے. ٹرن اوور ٹیکس، انکم ٹیکس اور ودہولڈنگ ٹیکس پر مزید نظر ثانی کی جائے. تاکہ قمیت فروخت میں کمی لائی جا سکے.
کنسڑکشن انڈسٹری کی بحالی کی طرز پر مقامی معاشی بحالی کےلیے مربوط اقدامات کی فوری ضرورت ہے وگرنہ گھر اور - عمارتیں کون خریدے گا.
چین سٹور ایسوسی ایشن حکومت سے پر زور مطالبہ کرتی ہے کہ ریٹیل سیکٹر کی بحالی کےلیے فوری طور حکومتی گارنٹی کے ساتھ بلا سود سرمایہ فراہم کیا جائے تاکہ ریٹیلرز دوبارہ سے اپنا کاروبار شروع کرنے کے ساتھ ملک کو بےروزگاری کے طوفان سے بچانے میں بھرپور کردار ادا کریں.

Shafiq Ahmad
Secretary General

Head Office:
Chainstore Association of Pakistan
5-A Main Boulevard Gulberg-II, Lahore, Pakistan. Ph: +92-42-35782286   Mobile: 0300-0455881
Email: media@chainstore.pk, URL: www.chainstore.pk